تبصرۂ کتب

مولانا مفتی عظمت اللہ بنوی

مفتی ومدرّس جامعہ المرکز الاسلامی پاکستان ڈیرہ روڈ۔بنوں

تبصرے کے لئے ہر کتاب دو نسخے ارسال کرنا ضروری ہے

نام کتاب:...... احسن الخطبات

مرتب:...... محمد ہمایون مغل

ناشر:...... جامعہ عربیہ احسن العلوم گلشن اقبال (کراچی)

اس کتاب میں شیخ التفسیر والحدیث حضرت مولانا مفتی محمد زرولی خان صاحب زیدمجدھم کے جملہ خطبات کو ترتیب دیا گیا ہے۔ مولانا موصوف کسی تعارف کا محتاج نہیں اللہ جل جلالہ نے ایسی ہستیاں اس زمانے میں بہت ہی شاذ ونادر پیدا کی ہیں۔اہل علم وتحقیق طبقہ میں مولانا کو نمایاں حیثیت حاصل ہے۔اس وقت ایسی کئی خوبیوں کے حامل ہیں کہ شاید ہی کسی اور میں موجود ہوں (محقق زماں، شیخ التفسیر والحدیث،فقیہ العصر،بحرالعلوم،خطیب اعظم) اللہ رب العزت ان کے علمی خدمات سے امتِ مسلمہ کو مستفید فرمائیں۔

الغرض کتابِ مذکور بہت ہی اچھے علمی خطبات ومواعظ پر مشتمل ہے۔ ہر عام وخاص کو اس کا مطالعہ کرنا چاہیئے۔

کتاب:...... کلوننگ ابتداء،ارتقاءاور شرعی حیثیت

مؤلف:...... مولانا مفتی صالح محمد کاروڑی دارالافتاء جامعہ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن (کراچی)

ناشر:...... اسلامی کتب خانہ بالمقابل جامعہ بنوری ٹاون (کراچی)

آج دنیا بھر میں ایک نئی سائنسی بحث شروع ہوگئی ہے۔خصوصاً یورپ اور امریکہ میں تو ایک بھونچال آگیا ہے۔کلون ٹیکنالوجی درحقیقت مغربی سائنسدانوں کی فطرت کے خلاف ایک نیا محاذ ہے۔یورپ میں خاص کر بہت شدت سے اس کی مخالفت اور موافقت میں بحث جاری ہے لیکن مشرق میں اس قدر اہم اور سنجیدہ موضوع پر شرعی نقطہ نظر سے کوئی پیش رفت نہیں ہوئی ہے۔کسی زمانے میں مغرب ایک جغرافیہ کا نام تھا۔اب ایک ذہنیت کا نام بن گیا ہے اس ذہنیت نے خالقِ کائنات کا انکار کیا اس کی تازہ ترین صورت مغرب میں جنیات کے شعبے میں ہونے والی پیش رفت ہے۔جس کے تحت بھیڑ اور بندر بنائے گئے اور اب انسان کی خمیر سے انسان سازی کے بارے میں سوچا جارہا ہے۔سائنس اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں ہونے والی اس پیش رفت نے پوری دنیا میں ایک ہنگامہ برپا کردیا ہے اور بحث